سوال

(233) مرد کا اپنی بیوی کو قبر میں اتارنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں اور میرا باپ میری بیوی کی وفات کے بعد اس کے جنازے میں شریک ہوئے اور اس کی تدفین میں معاون بنے ۔ پھر میں نے میرے بیٹے نے اور میری بیوی کے چچا کے بیٹے نے مل کر اس کو قبر میں اتارا۔ میں نے بعض لوگوں سے سنا کہ مجھے اپنی بیوی کو قبر میں اتارنے کا حق نہیں تھا ان کا یہ کہنا صحیح ہے یا غلط؟ اگر یہ صحیح ہے تو کیا میرے ذمہ کوئی کفارہ تو نہیں ہے یا کوئی اور عمل جو میں کروں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تمہارا اپنی بیوی کو قبر میں اتارنا جائز ہے اور جس نے یہ کہا کہ تجھے ایسا کرنے کا کوئی حق نہیں ہے تو وہ اپنے اس قول میں غلطی پر ہے تجھ پر کوئی کفارہ نہیں بلکہ ان شاء اللہ تجھ کو اس پر اجر ملے گا۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 220

محدث فتویٰ